دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی المنائی آفرین ناز، ایل ایس ای میں پڑھائی کے لیے چیوینگ اسکالرشپ سے سرفراز

New Delhi, September 12, 2025

فیکلٹی آف لا، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بی۔اے۔ایل ایل۔بی (آنرس) دو ہزار چوبیس بیچ کی گریجویٹ آفرین ناز کو دنیا کے مایہ ناز لا مطالعات کے ادارہ لندن اسکول آف اکونومکس اینڈ پولیٹیکل سائنس (ایل ایس ای) میں ماسٹر آف لا (ایل ایل۔ایم) کی پڑھائی کے لیے برطانوی حکومت کی جانب سے موقر چیوننگ اسکالرشپ ملی ہے۔

قابل ذکر ہے کہ چیوینگ اسکالرشپ بین الاقوامی سطح کے انتہائی مقابلہ جاتی اسکالرشپ میں سے ایک ہے۔اس سال دنیا کے ایک سو ساٹھ ممالک کے ایک لاکھ سے زیادہ امیدواروں نے اس اعزاز کے لیے مقابلے میں حصہ لیا تھا جن میں سے صرف تقریباً ایک ہزار امیدوار منتخب ہوئے۔اس اسکالرشپ کے لیے کوالیفائی کرکے آفرین نے مستقبل کے ممتاز اور انقلاب آفریں رہنماؤں میں اپنی جگہ بنائی ہے۔

آفرین کا علمی و پیشہ ورانہ سفر، نمایاں حصولیابیوں، سرگرم قیادت اور قومی و بین الاقوامی سطحوں پر بامعنی تبدیلی لانے کے تئیں ان کے غیر متزلزل عہد کو نشان زد کرتا ہے۔جامعہ ملیہ اسلامیہ میں دوران تعلیم انہوں نے وزارت قانون و انصاف، حکومت ہند کے زیر اہتمام جاری پہل پرو بونو کلب کی کنوینر کی حیثیت سے اپنی خدمات انجام دی ہیں جہاں انہوں نے عدل و انصاف تک رسائی کی توسیع کے اہم پروگراموں کی سربراہی کی تھی۔اندرون کیمپس ان کی اہم مساعی کے علاوہ، وہ صدر مینس انڈین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز دہلی لیگل رائٹس کنسورٹیم (ڈبلیو آئی سی سی آئی۔ڈی ایل آر سی)، گرنسپائر ویلفیئر فاؤنڈیشن میں چیف آپریٹنگ آفیسر اور مالدیو موٹ کورٹ سوسائٹی میں موٹ ایڈوکیسی پروگرام کی سربراہ سمیت متعدد اہم قائدانہ عہدوں اور مناصب پر کام کرچکی ہیں۔مزید برآں جامعہ میں دوران تعلیم وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر موٹ کورٹ مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ بھی کرچکی ہیں۔

ان کا پیشہ ورانہ سفر قومی انسانی حقوق کمیشن برائے ہندوستان (این ایچ آر سی)، آفس آف دی سینئر ایڈوکیٹ، ڈاکٹر پردیپ رائے اور ممتاز لا کمپنیاں جیسے لکشمی کماران اینڈ سردھارن اٹارنیز سمیت متعدد سرکردہ این جی اوز ایڈوکیسی تنظیموں کے ساتھ کام کرنے پر محیط ہے۔

آفرین نے اس کامیابی پر اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا کہ ''ہماری اقدار، مہارت اور عدل و انصاف کے تئیں عہد کو جہت دینے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا رول کافی اہم رہا ہے۔یہ اسکالرشپ صرف ایک اکیڈمک کامیابی نہیں بلکہ ہماری ریاست جھارکھنڈ اور اس سے باہر مثبت تبدیلیاں لانے کا پیمان بھی ہے۔''

ایل ایل۔ایم مکمل کرنے کے بعد آفرین کا ارادہ ہے کہ وہ وطن ہندوستان واپس آ کر قانونی پالیسی اصلاحات، انصاف کی فراہمی کے نظام کو زیادہ مؤثر بنانے اور عدل، مساوات کے ساتھ ساتھ ایسے اقدامات پر کام کریں جو معاشرے کے سبھی طبقات کے لیے عزت و وقار کو فروغ دیتے ہوں۔

پروفیسر (ڈاکٹر) غلام یزدانی، ڈین، فیکلٹی آف لا، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی نے آفرین کو ان کی نمایاں کامیابی پر مبارک باد دی۔انھوں نے کہا کہ ''ہمیں آفرین کی کامیابی پر انتہائی مسرت اور بجا طور پر فخر ہے۔ان کی کامیابی ہماری سخت کاوشوں، لچک دار نظام اور پختہ یقین کا ثبوت ہے۔انھوں نے فیکلٹی آف لا کے ساتھ ساتھ جامعہ ملیہ اسلامیہ کا بھی نام روشن کیا ہے۔پوری جامعہ برادری کی جانب سے میں انہیں پر خلوص مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ان کے روشن و تابناک مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔''

چیوننگ اسکالرشپ جسے یو کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈوپلمنٹ آفس (ایف سی ڈی او) فنڈ فراہم کرتا ہے، وہ غیر معمولی علمی حصولیابیوں والے افراد کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے اور ایسے افراد کو مکمل مالی تعاون یعنی ٹیوشن فیس، سفر کے اخراجات، ماہانہ رہائش بھتہ، ویزا فیس اور برطانیہ میں اسکالر کے دوران قیام کے ضروری اخراجات فراہم کرتی ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ